# اقدامات جو آپ کو پناہ/ اسائلم کے منفی فیصلہ موصول ہونے پر اٹھانے چاہئیں۔

یہ کتابچہ آپ کو اگلے اقدامات پر مشورہ دینے میں مدد کر سکتا ہے، بشمول:

1. اپیل کرنا
2. اپنی رہائش چھوڑنا
3. قابل غور دیگر اہم نکات
4. وہ تنظیمیں جو مدد کر سکتی ہیں

REFUGEE WELCOME PROGRAMME
DOING THINGS DIFFERENTLY FOR GREATER MANCHESTER

GMCA GREATER MANCHESTER COMBINED AUTHORITY

October 2024

آپ کے پناہ/اسائلم کے دعوے پر منفی فیصلے کا مطلب ہے کہ پناہ کی درخواست کو ہوم آفس نے مسترد کر دیا ہے۔

## اپیل کرنا

- یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ کو اپیل کرنے کا حق ہے، سب سے پہلے، اپنے **وکیل یا قانونی نمائندہ سے رابطہ کریں۔** اگر آپ کے پاس کوئی وکیل نہیں ہے تو سیکشن دیکھیں «وہ تنظیمیں جو مدد کر سکتی ہیں» یا قانونی مدد کا مشیر یہاں تلاش کریں: https://find-legal-advice.justice.gov.uk
- اگر آپ پہلے ہی اپیل کر چکے ہیں (یا ایسا کرنے کے عمل میں ہیں) تو آپ **اسائلم سپورٹ اور رہائش** کے اہل ہو سکتے ہیں۔ جلد از جلد مائیگرنٹ ہیلپ سے رابطہ کریں۔
- اگر ہوم آفس نے کہا ہے کہ آپ کے ‹اپیل کے حقوق ختم ہو گئے **ہیں**› **تو آپ کو یہ جاننے** کے لیے قانونی مشورہ لینا چاہیے کہ کون سے اختیارات دستیاب ہو سکتے ہیں۔
- اگر آپ اپیلوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں رائٹس ٹو ریمین ٹول کٹ کو دیکھیں https://www.righttoremain.org.uk/toolkit

## اپنی رہائش چھوڑنا

- **اگر آپ اپیل نہیں کرتے ہیں** تو آپ کے پاس اپنی رہائش چھوڑنے کے فیصلے کی تاریخ سے **21** دن دستیاب ہوں گے۔ آپ کی اسائلم سپورٹ بھی اس دن ختم ہو جائے گی۔
- **اگر آپ سیکشن 4 سپورٹ** پر ہیں اور آپ کو منفی فیصلہ موصول ہوتا ہے، تو آپ کے پاس اسائلم سپورٹ ختم ہونے سے پہلے 14دن دستیاب ہوں گے۔
- سیرکو کی جانب سے آپ کو کم از **کم 7 دن کا** «**نوٹس بیدخلی**» **ملنا چاہیے۔** اگر آپ کو ۷ دن سے کم کا نوٹس ملا ہے تو مائیگرنٹ ہیلپ (یعنی مہاجرین کی مدد) سے رابطہ کریں۔

## دیگر اہم نکات

1. اگر آپ **اپنے آبائی ملک واپس جانا چاہتے ہیں،** تو آپ ہوم آفس رضاکارانہ واپسی سروس (0202-004-0300) کے ذریعے مدد کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کو نیچے دی گئی تنظیموں میں سے کسی سے بات کرنی چاہیے یا پہلے اس بارے میں قانونی مشورہ لینا چاہیے۔

2. اگر آپ کو ب **رطانیہ چھوڑنے میں کوئی رکاوٹ** ہے۔جیسے کہ صحت کی حالت، خاندانی تعلقات، یا آپ ایک نیا دعویٰ تیار کر رہے ہیں، آپ اسائلم سپورٹ کے لیے اہل بن سکتے ہیں (سیکشن 4 سپورٹ)۔ درج ذیل تنظیموں میں سے کسی ایک سے رابطہ کریں۔

3. **اگر آپ کے بچے ہیں، جو** 18 سال سے کم عمر ہیں، تو آپ کی پناہ اور رہائش اس وقت تک جاری رہنی چاہیے جب تک کہ آپ کا سب سے چھوٹا بچہ ۱۸سال کا نہیں ہو جاتا۔ اگر آپ کے بچے ہیں لیکن آپ کو آپ کی رہائش چھوڑنے کے لیے کہا گیا ہے، تو مائیگرنٹ ہیلپ سے رابطہ کریں۔

4. **اگر آپ بالغ ہیں جنہیں جسمانی یا ذہنی خرابی یا بیماری کی وجہ سے اضافی دیکھ بھال اور مدد کی ضرورت ہے،** تو اپنے مقامی اتھارٹی سے رابطہ کریں کیونکہ وہ آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو مزید مشورے کی ضرورت ہے، تو نیچے دی گئی تنظیموں میں سے کسی ایک سے رابطہ کریں۔

## وہ تنظیمیں جو مدد کر سکتی ہیں

### مہاجرین کی مدد

**رابطہ:**
0808 8010 503

### گریٹر مانچسٹر امیگریشن امدادی یونٹ (GMIAU)

Greater Manchester IMMIGRATION AID UNIT

اپیل کرنے کے طریقے کے بارے میں مدد اور مشورہ۔

# وہ تنظیمیں جو مدد کر سکتی ہیں

**ریفیوجی ایکشن اسائلم کرائسس سروس**

اگر آپ بالغ ہیں جنہیں دیکھ بھال اور مدد کی ضرورت ہے، تو اپیل دائر کرنے کے لیے سپورٹ فراہم کرتے ہیں۔

REFUGEE ACTION

**رسٹرکٹڈ الیجیبلٹی سپورٹ سروس**

اگر آپ کو گھر سے بے دخل ہونے کا خطرہ ہے۔

RESTRICTED ELIGIBILITY SUPPORT SERVICE
SUPPORTING NON-UK NATIONALS FACING HOMELESSNESS

اپنے فون کیمرہ کو اس کیو آر کوڈ کی طرف کریں تاکہ Kompasi کھول سکیں، یہ آپ کو دیگر مقامی تنظیموں کو تلاش کرنے میں مدد دے گا جو مشورہ اور سہولت فراہم کرتے ہیں۔

SCAN ME

REFUGEE WELCOME PROGRAMME
DOING THINGS DIFFERENTLY FOR GREATER MANCHESTER

GMCA GREATER MANCHESTER COMBINED AUTHORITY